North America's First And Largest Weekly Urdu Newspaper

URDU TIMES Canada

WEEKLY

ہفت روزہ

نارتھ امریکہ کا پہلا اور کثیر الاشاعت اردو اخبار

اردو ٹائمز

کینیڈا

Vol. 34 Issue # 27 Wednesday, July 02, 2014 (04 Ramadan 1435) email: utcl@bellnet.ca

این ای ڈی کے ممبران کی رجسٹرار کے ساتھ یادگار شام

رجسٹرار جناب جاوید عزیز نے این ای ڈی کے موجودہ حالات پر سیر حاصل گفتگو کی' وائس چانسلر ڈاکٹر افضال کو بھی خراج تحسین پیش

ٹورانٹو (سٹاف رپورٹر) این ای ڈی کے رجسٹرار انجینئر جاوید عزیز صاحب پچھلے دنوں کینیڈا کے نجی دورے پر ٹورانٹو آئے ہوئے تھے این ای ڈی المنائی نے جو کہ این ای ڈی کے فارغ التحصیل طلباء اور طالبات کی تنظیم ہے اور کینیڈا میں اپنے ممبران اور دوسرے کینیڈینز کی فلاح و بہبود کیلئے کام کرتی ہے اس سنہری موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے جاوید عزیز کو ایک مقامی ریسٹورنٹ میں شام کے کھانے پر مدعو کیا اور ان کے ساتھ ایک یادگار شام بتائی اس تقریب میں انتہائی شارٹ نوٹس کے باوجود ممبران کی خاصی بڑی تعداد نے شرکت کی جاوید عزیز نے این ای ڈی کی موجودہ صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ یونیورسٹی اس وقت 25 مختلف شعبوں میں انجینئرنگ کی تعلیم دے رہی ہے اس یونیورسٹی کا شمار ملک کی بہترین یونیورسٹیز میں ہوتا ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ اس کے معیار میں اضافہ ہو رہا ہے جاوید عزیز نے ان پروگراموں پر بھی تفصیل سے روشنی ڈالی جن پر عمل کرتے ہوئے یونیورسٹی اپنے معاشی مسائل پر بڑی حد تک قابو پا چکی ہے اور مزید بہتری کی طرف گامزن ہے جاوید صاحب نے وائس چانسلر ڈاکٹر افضال کو بھی خراج تحسین پیش کیا جن کی قائدانہ صلاحیتوں کی بناء پر بہت سے مسائل پر قابو پانے میں مدد ملی' این ای ڈی المنائی کے عمران احمد نے جاوید کو المنائی کی جانب سے اپنے پورے تعاون کا یقین دلایا اور اس بات کو یقینی بنانے کا وعدہ کیا المنائی NED کے ساتھ رابطے میں رہے گی جاوید عزیز نے المنائی کے موجودہ صدر عمران احمد اور سابق صدر عصمت کمال کو این ای ڈی کی شیلڈ پیش کی اور المنائی کی جانب سے جاوید صاحب کو تحفہ پیش کیا گیا اس تقریب کا اہتمام المنائی کے نائب صدر فیاض صدیقی نے کیا تھا ان کے حسن انتظام کی تعریف تقریباً ہر ایک نے کی اور ان کی کوششوں کو سراہا۔